© rasailojaraid.com

دوام حدیث

حضرت العلام حافظ محمد گوندلوی

# حفاظتِ حدیث

اب جبکہ ہم قرآن مجید کے متعلق اس بحث سے فارغ ہو چکے ہیں کہ:۔

وہ یقینی ہے یا ظنی؟

خبر واحد سے اس کا ثبوت ہو سکتا ہے یا نہیں

قرآن مجید میں روایت باللفظ ہے یا روایت بالمعنیٰ

پھر اس کی دلالت ظنی بھی ہے اور یقینی بھی۔

یعنی ثبوت و دلالت مضمون کی صداقت کی بحث سے بقدر ضرورت سبکدوش ہو چکے ہیں۔ اس کے ضمن میں احادیث کے بارہ میں بھی ان کے ثبوت اور ان کی دلالت اور ان کے مضمون کی صداقت سے ضروری بحث کر چکے ہیں جن سے دین کے یقینی اور ظنی ہونے پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ اب اس سوال کا ذکر کرتے ہیں جس کا جواب بڑی تحدی سے مانگا گیا ہے:

"سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر قرآن اور حدیث دونوں دین کے اجزاء تھے تو رسول اللہ نے جس طرح اہتمام اور التزام کے ساتھ قرآن کو محفوظ شکل میں امت کو دیا، اسی طرح اپنی احادیث کا کوئی مستند مجموعہ امت کو کیوں نہیں دیا؟ کوئی ہے جو اس سوال کا جواب دے؟"[1]

**جواب**

سب سے پہلے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ جب ایک چیز کو دلائل سے ثابت کیا جائے تو اس کے بعد ماننے

---

[1] مقام حدیث جلد ۲ ص ۳۴۲

© rasailojaraid.com

